# تعارف و تبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

نام کتاب : ہرمجدون (Armageddon)

مصنف : الاستاذ امین محمد جمال الدین

مترجم : پروفیسر خورشید عالم

ضخامت: 108 صفحات ۔ قیمت: 60روپے

ملنے کا پتہ: ☆ صفہ پبلشرز' عظمی بلڈنگ' 19A ایبٹ روڈ' لاہور

☆ نعمانی کتب خانہ' حق سٹریٹ' اردو بازار' لاہور

''ہرمجدون'' عبرانی لفظ ہے۔ ''ہر'' کے معنی پہاڑ' اور ''مجیدو'' فلسطین کی ایک وادی کا نام ہے۔ پس ہرمجدون کا مطلب ہے ''مجیدو کا پہاڑ''۔ اس کتاب میں مصنف نے قرب قیامت کے واقعات تحریر کیے ہیں۔ چونکہ ان واقعات میں فلسطین کو خاص اہمیت حاصل ہے اس لیے کتاب کو یہ نام دیا گیا۔

مصنف کو قربِ قیامت کے حالات کی تحقیق و تفتیش کے ساتھ گہری مناسبت ہے۔ اُس نے بڑی کاوش کے ساتھ اُن تمام احادیث و آثار کا مطالعہ کیا ہے جن میں قربِ قیامت کے حالات کا ذکر ہے۔ مصنف کے خیال میں صدام کے کویت پر حملے سے ان واقعات کا آغاز ہو چکا ہے' اور امریکہ کا افغانستان اور عراق پر حملہ بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے۔ مغربی یلغار کا اگلا نشانہ شام ہوگا۔ اب تیسری عالمگیر جنگ ہرمجدون (Armageddon) چھڑ جائے گی۔ سعودی عرب کے فرمانروا کی وفات کے بعد تین آدمیوں کا آپس میں قیادت پر اختلاف ہوگا۔ رمضان کے آغاز میں چاند گرہن ہوگا' وسط رمضان میں سورج گہنا جائے گا اور دوسرے عجیب و غریب فتنے سر اٹھائیں گے۔ پھر مہدی کا ظہور ہوگا' علماء کا ایک گروہ رکن یمانی اور مقامِ ابراہیمؑ کے درمیان ان کے ہاتھ پر بیعت کرے گا۔ مہدی حکومت کی ذمہ داریاں سنبھال لیں گے اور اسلامی فتوحات کا آغاز ہو جائے گا۔ پھر دجال ظاہر ہوگا۔ اسی دوران حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com